Courtesy: Dr. Syed ... Collection ... Digitization eGangotri

مناقبِ غوث پاک

یاجیلانی

تصنیف

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیرؒ

المعروف حضرت پتھر والے صاحب

تحقیق وتخریج، ترتیب وتدوین

قطمیرِ غوث اعظمؓ و لطیفِ لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی سجادؔ

سجادہ نشین بارگاہ حضرت فخر الاولیاءؒ المعروف پتھر والے صاحب

زیراہتمام: میر مکرم علی اشفاق

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohamin Quadri Hyderabad India
Collection Peer Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

स्कैन्ड/Scanned

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

مناقب غوثِ پاکؓ

یا جیلانی

تصنیف

شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء

سید شاہ عبدالرزاق قادری لااُبالی الجیلانی فقیر

قدس اللہ سرہٗ العزیز

تحقیق وتخریج، ترتیب وتدوین

قطمیرِ غوث اعظمؓ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت فخر الاولیاءؒ المعروف پتھروالے صاحب

کامل التفسیر، کامل الحدیث، کامل التاریخ وپی ایچ ڈی جامعہ نظامیہ

ایم فل۔ فارسی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد

زیر اہتمام

میر مکرم علی اشفاق

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Muhaimin Qadri - Digitization eGangotri

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعات دارالھدی سلسلہ نمبر63

نام کتاب : یاجیلانی (مناقب غوثِ پاکؓ)

تصنیف : حضرت فخرالاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لااُبالی الجیلانی فقیر

تحقیق وترتیب : ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سنہ اشاعت : ۲؍جمادی الاولیٰ ۱۴۴۱ھ مطابق 29 ڈسمبر 2019ء

تعداد صفحات : 62

تعداد اشاعت : 2000

قیمت : 100

کتابت : محمد جاوید در مطبع دارالھدیٰ

سرورق : انوار گرافکس 9390045494

طباعت : مطبع دارالھدیٰ، مستعد پورہ، حیدرآباد۔

ناشر : دارالھُدیٰ پبلیشر،
13-4-486، بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ۔کاروان،
حیدرآباد۔500 006۔تلنگانہ اسٹیٹ، الہند۔

فون نمبر

040-2482 9438, 0091-9396354301,
8686223494, 8099574487

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

سید سجاد پاشاہ قادری صاحب

(سجادہ نشین حضرت سید نبی شاہ قادریؒ المعروف بھم بھم پیر بنگانہ پلی)

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پورہ حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپئے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

پرنٹرس اور پبلیشرس یا کوئی ایصال ثواب کے لئے اس کتاب کی طباعت کے خواہش مند ہوں تو اُنہیں طباعت کی تحریری اجازت حاصل کرنا ہوگا (مُفت)۔ اور وہ اجازت نامہ کتاب میں شامل کرنا ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب،

مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔ 500006۔

لااُبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لااُبالی کرنول — کاظم سیریز حیدرآباد

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد — شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد — مینار بک ڈپو نزد چار مینار، حیدرآباد

ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد — ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri, Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

کتاب کے بارے میں

یکے از مطبوعات دارالھدی سلسلہ نمبر 63

نام کتاب : یا جیلانی (مناقب غوثِ پاکؓ)

تصنیف : حضرت فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی فقیر

تحقیق و ترتیب : ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سنہ اشاعت : ۲؍ رجمادی الاولیٰ ۱۴۴۱ھ مطابق 29 ڈسمبر 2019ء

تعداد صفحات : 62

تعداد اشاعت : 2000

قیمت : 100

کتابت : محمد جاوید در مطبع دارالھدی

سرورق : انوار گرافکس 9390045494

طباعت : مطبع دارالھدیٰ، مستعد پورہ، حیدرآباد۔

ناشر : دارالہُدیٰ پبلیشر،

13-4-486، بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب، مستعد پورہ۔ کاروان،
حیدرآباد۔ 006 500۔ تلنگانہ اسٹیٹ، الھند۔

فون نمبر

040-2482 9438, 0091-9396354301,
8686223494, 8099574487

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

رسم اجراء بدست

سید سجاد پاشاہ قادری صاحب

(سجادہ نشین حضرت سید نبی شاہ قادریؒ المعروف بھم بھم پیر بنگانہ پلی)

حقوق

اس کتاب کے مکمل حقوق مطبوعات دارالہدیٰ بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پورہ حیدرآباد کے حق میں محفوظ ہیں کوئی فرد، ناشر، مطبع یا کمیٹی، ادارہ دارالہدیٰ یا سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب کی اجازت کے بغیر کتاب یا کسی حصہ کو طبع کرنے کی زحمت نہ فرمائیں۔ ورنہ قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور جرمانہ 15,000,00 (پندرہ لاکھ) روپئے عائد کیا جائے گا جو سال 2020ء کے لئے مختص ہوگا۔ یکم جنوری 2021ء سے اس جرمانے میں ہر سال ایک لاکھ روپئے کا اضافہ ہوگا۔

پرنٹرس اور پبلیشرس یا کوئی ایصال ثواب کے لئے اس کتاب کی طباعت کے خواہش مند ہوں تو اُنھیں طباعت کی تحریری اجازت حاصل کرنا ہوگا (مُفت)۔ اور وہ اجازت نامہ کتاب میں شامل کرنا ہوگا۔

دستیابی

13-4-486 بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب،

مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔500006۔

لااُبالی اکیڈمی بارگاہِ سرکارِ لااُبالی کرنول

کاظم سیریز حیدرآباد

عرشی کتاب گھر منڈی میر عالم، حیدرآباد

شیخ الاسلام لائبریری حیدرآباد

حسامی بک ڈپو مچھلی کمان حیدرآباد

مینار بک ڈپو نزد چارمینار، حیدرآباد

ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد

ہمالیہ بک ڈپو نامپلی حیدرآباد

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

فہرست

نشان سلسلہ	عنوان	صفحہ
1	کتاب کے متعلقات	2
2	حقوق ودستیابی کے مقامات	3
3	فہرست	4
4	مقدمہ	5
5	قطعہ تاریخ سنہ تحریر اشاعت	7
6	مختصر حالات فخرِ اولیاءؒ	8
7	تصنیفات فخرِ اولیاءؒ	11
8	کتاب کا آغاز	12
9	منقبت شاہِ جیلاںؒ	13
10	منقبت قادر محی الدینؒ	14
11	منقبت غوثِ اعظمؒ	16
12	منقبت پیر پیراںؒ	18
13	منقبت سرکار بغدادؒ	20
14	منقبت ہیکل صمدانیؒ	22
15	منقبت پیرانِ پیرؒ	24
16	منقبت غوث الثقلینؒ	25
17	منقبت قندیل نورانیؒ	27
18	منقبت سید المشائخ الکاملینؒ	28
19	منقبت سلطان اولیاءؒ	30
20	منقبت غوث الاغواثؒ	31
21	منقبت غوثِ صمدانیؒ	33
22	منقبت شاہِ جیلانیؒ	35
23	منقبت سلطان الاولیاءؒ	36
24	منقبت حضور محی الدینؒ	37
25	منقبت قطب جن وانس	38
26	منقبت قطب ربانیؒ	40
27	منقبت غوث الوریٰ	43
28	منقبت غوث زماںؒ	45
29	منقبت قطب المشرقینؒ	47
30	منقبت محی الدینؒ	50
31	منقبت سلطان محی الدینؒ	52
32	منقبت محبوب ربانی	55

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

مقدمہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی الہ وازواجہ وصحبہ الطیبین والطاھرین.

حضرت فخر اولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق لااُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ العزیز کو حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ سے والہانہ عشق اور جنونی محبت تھی جس کی تفصیل تذکرہ اجداد ہادی اور سوانح حضرت فخر اولیاءؒ میں دیکھ سکتے ہیں۔

زیر نظر رسالہ حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی مناقب پر مشتمل ہے۔ ایک ایک منقبت میں کیفیت مودت، اظہار عقیدت، خلوص ومحبت، وارفتگی عشق، بغداد شریف کی حاضری کی آرزو، غلامی پر ناز وفخر کا اظہار مثل خورشید واضح ہے۔ جس کی مثال یہ شعر ہے ؎

میں غلام شہ جیلاں ہوں نہیں ڈرتا ہوں
بس کرو تم اے فرشتو! یہ ڈرانا اپنا

اس رسالہ کا مطالعہ اپنے پیر سے عقیدت ومحبت میں اضافہ کا سامان بنے گا۔

ہر کتاب کی طرح اس کتاب پر بھی میں نے تاریخی قطعہ تحریر کیے۔ جس

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

میں سنہ اشاعت ہجری ۱۴۴۱ اور عیسوی 2019 برآمد ہوتا ہے۔ فصیح اور فارسی الفاظ کی حل اللغات کی گئی اور جہاں عوام الناس کا املاء کے غلط پڑھنے کا اندیشہ تھا وہاں اعراب بھی لگادیئے گئے تاکہ الفاظ صحیح پڑھے جاسکیں۔

مناقب قطب دوراں میں کلام کی تعداد 24 ہے۔

تمام اشعار کی تعداد 278 ہے۔

مَیں شکرگزار ہوں برادران خرد سید عبدالمتعال قادری لا ابالی، سید عبدالمستعان قادری لا ابالی، سید عبدالمقسط قادری لا ابالی، سید عبدالموخر قادری لا ابالی کا جو وقتاً فوقتاً میری مدد کرتے رہے۔ اور جب کبھی تحریری کام کرتے کرتے تھک جاتا تو میرے فرزند سید عبداللطیف ثانی قادری لا ابالی، اور میرے بھتیجے بھتیجیاں بالترتیب مقدام، عمار، امامہ، مخنف، امیرہ، دستگیر اطال اللہ عمرھم میرے پاس آتے اور کچھ دیر کھیلتے جس کی وجہ سے مَیں تازہ دم ہوجاتا اور پھر کام میں مصروف ہوجاتا۔

آخر میں مَیں شکریہ ادا کرتا ہوں محمد جاوید صاحب، محمد انواراللہ صاحب اور محمد عبدالرزاق صاحب کا جو کتابت اور طباعت کے مراحل انجام دیئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم تمام پر رحم و کرم فرمائے اور مصنف مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ آمین

راقم الحروف

قطمیر غوث اعظمؒ و لطیف لا اُبالیؒ

ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھروالے صاحب

۳؍ربیع الثانی ۱۴۴۱ھ مطابق یکم؍ڈسمبر 2019ء یکشنبہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection PM Sahib - Quadri Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ سنہ اشاعت

از مرتب

غوث اعظم کے مناقب یا خدا یا مصطفیٰ

یہ عقیدت کے مواہب یا علی یا فاطمہ

طشت میں حسنین کے سجاد یہ نصرت اثر

۱۴۴۱ھ

غیب کے سارے مکاتب یا میرے غوث الوریٰ

لفظ نصرت اثر کے اعداد جمع کریں تو ۱۴۴۱ برآمد ہوگا۔

ہر مصرعہ کے سرحرف کے اعداد یکجا کئے جائیں تو سنہ ۲۰۱۹ ہوتا ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri Digitization eGangotri

حضرت فخر اولیاءؒ کے مختصر حالات

پیر و مُرشِد شیخ الاصفیاء فخر الاولیاء حضرت سید شاہ عبدالرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ کی ولادت تعلقہ ادونی ضلع کرنول میں ۵ر محرم الحرام ۱۳۰۶ھ مطابق ۴ رآبان ۱۲۹۷ ف مطابق ۱۲ر ستمبر ۱۸۸۸ء یوم چہارشنبہ ہوئی۔

والد محترم کا نام حضرت سید شاہ غوث قادری لا اُبالی الجیلانیؒ اور والدہ محترمہ کا نام سیدہ خاتون صاحبہ بی بنت حضرت سید شاہ طاہر جُنیدیؒ ہے۔

حلیہ مبارک: متوسط قد، کشادہ و بلند پیشانی، ابرو غیر پیوستہ، بلند بینی، آنکھوں کے نیچے حلقے، رنگ صاف ڈاڑھی غیر گنجان اور تھوڑی پر (دونوں گالوں پر ڈاڑھی کے بال بہت کم تھے)، گردن بلند، گھر میں ہمیشہ سفید کرتا پاجامہ زیب تن فرماتے اور کروشیا کی سفید گول ٹوپی پہنتے۔ نماز جمعہ کے لئے یا کسی تقریب میں جانے کے لئے کبھی عبا اور کبھی شایا استعمال فرماتے اور عمامہ باندھ کر کندھے پر تیلیہ رومال ڈالتے۔ بسا اوقات شیروانی بھی استعمال فرماتے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

آپ کا سلسلہ نسب : آپ کا سلسلۂ نسب ۲۳ ویں پشت میں حضور غوث اعظم سیدنا شیخ عبد القادرِ جیلانی سے اور ۳۴ ویں پشت میں حضرت سیدنا امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملتا ہے یہ شجرۂ نسب تذکرہ اجداد دھادی، عطائے عطا، اور تذکرہ فقیر میں موجود ہے۔

خوارق و کرامات: آپ کی کرامات بے شمار ہیں جن کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو تذکرہ فقیر میں ملاحظہ فرمائیں۔

سفر : اللہ رب العزت نے آپ کو حج بیت اللہ اور زیارت مدینہ منورہ کی سعادت سے مشرف فرمایا۔ یہ سفر بحری جہاز سے چھ ماہ سے زائد عرصے کا تھا۔ حج بیت اللہ کے علاوہ عراق، شام، اردن اور قبلۂ اول بیت المقدس (فلسطین) کا بھی آپ نے سفر فرمایا اور یہ بھی چھ ماہ کا سفر تھا۔ یہ دونوں بحری دلچسپ سفرنامے الحمد اللہ کتابی شکل میں دستیاب ہیں۔

وصـــال : سات ماہ علالت میں گزار کر ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۷۳ھ م ۱۸ دسمبر ۱۹۵۳ء بروز جمعہ بعد عصر مکان مسکونہ کی خانقاہ میں وصال ہوا۔ ۱۱ ربیع الثانی کو مسجد چوک میں بعد نماز ظہر نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور بعد نماز عصر اندرون احاطہ درگاہ حضرت پتھر والے صاحب میں تدفین عمل میں آئی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri

نماز جنازہ اور تدفین میں مُریدین ومعتقدین کا جمِ غفیر موجود تھا۔

جانشین: آپ کے بھتیجے حجۃ العلماء والمشائخ ہادیٔ دکن حضرت شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ (جنہیں آپ نے اپنی حین حیات ہی اپنا جانشین مقرر فرمادیا تھا) آپ کے جانشین، سجادہ نشین مسندِ رُشد وہدایت سلسلۂ عالیہ قادریہ رزاقیہ لاابالیہ پر جلوہ افروز ہوکر ۵۰ سال تک بندگان خدا کو راہِ ہدایت دِکھاتے ہوئے 450 تحقیقی کتب تصنیف وتالیف فرمائے۔

راقم الحروف: راقم الحروف (مرتبِ کتاب ھٰذا) حضرت ہادیٔ دکن ڈاکٹر سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کا خلف اکبر وجانشین ہے۔

فقط

قطمیر غوث اعظمؓ و لطیف لا اُبالیؒ
ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا اُبالی
الجیلانی
سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

حضرت فخر الاولیاء

سید شاہ عبد الرزاق قادری لا اُبالی الجیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کی

تصنیفات و تالیفات

۱) راہ جنت

۲) گلشن نعت (دیوان)

۳) اسباب تکبر

۴) عرفان حق

۵) غیم غوث صمدانی (قصیدہ غوثیہ کا منظوم دکنی ترجمہ)

۶) طرس رحمانی (دعائے سریانی کا منظوم دکنی ترجمہ)

۷) یا جیلانیؓ (مناقب غوث اعظم دستگیرؓ)

۸) مناقب قطب دوراں (مناقب درشان پیرومرشد حضرت وتد دکنؒ)

۹) سفر نامہ حج بیت اللہ

۱۰) سفر نامہ مقامات مقدسہ

۱۱) مواعظ فقیر

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qudari Digitization eGangotri

منقبت شاہِ جیلاںؓ

(۱)

شاہِ جیلاں سے اجی دِل کو لگانا اپنا
بالیقیں ہووے گا جنت میں ٹھکانا اپنا

دِل میں ہے آروز ہوجاوں تصدق تم پر
خواب میں آکے ذرا چہرہ دِکھانا اپنا

گرد جالی کے پھروں گا مَیں تصدُق ہوتے
روضۂ پاک پہ جو ہوئیگا جانا اپنا

بغض جو تم سے رکھا، تم سے جو منہ کو پھیرا
وہی دوزخ میں بناتا ہے ٹھکانا اپنا

ہے گنہ گار مگر آپ کے در کے ہیں غلام
ہم کو بخشاو جی کچھ کرکے بہانا اپنا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

اب تو کھٹکا نہیں دوزخ و قبر کا ہم کو
فضلِ حق مِل گیا اب غوثی گھرانا اپنا

گرمیِ حشر سے ہوجاؤں پریشاں جس دم
دامنِ پاک کو اُس وقت اُڑھانا اپنا

مالِ دُنیا پہ مَرے جاتے ہیں یہ رکھ کے خبر
ایک دِن ہوئے گا سب چھوڑ کے جانا اپنا

مَیں غلامِ شہِ جیلاں ہُوں نہیں ڈرتا ہُوں
بَس کرو تم ائے فرشتو یہ ڈرانا اپنا

یہ کہا روح نے جب دینے لگے غسل فقیرؔ
ہوگیا دوستو آخر یہ نہانا اپنا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت قادر محی الدینؓ
(۲)

کیا وصف مجھ سے ہو ادا قادر محی الدین کا
ہوں جان و دل سے میں فِدا قادر محی الدین کا

کیا قبر کا اُس کو خطر کیا حشر کا ہے اُس کو ڈر
خادم جو دل سے بَن گیا قادر محی الدین کا

مُردے جِلانا کیا عجب بیٹے دِلانا کیا عجب
جب ہوگیا عاشق خُدا قادر محی الدین کا

سب اولیا پر افسری بیشک خدا نے ان کو دی
کیا مرتبہ حق نے کیا قادر محی الدین کا

بیشک شرابِ عشق سے معمور اور مخمور تھے
تھا عشق سے سینہ بھَرا قادر محی الدین کا

جس پر نظر اُن کی پڑی دل میں تجلی بھر گئی
کیا نُور ہے نُورِ خُدا قادر محی الدین کا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

بینا کیا تم کور[۱] کو دی قطبیت تم چور کو

اللہ رے جُود و سخا قادر محی الدین کا

اُبلے ہوئے انڈے پھٹے وہ نظر سے سب جی اُٹھے

ہے یہ کرشمہ با مزا قادر محی الدین کا

جس پر نظر تم نے کیا بیشک ولی وہ ہوگیا

کیا فیض ہے فیضِ خدا قادر محی الدین کا

دادا حسنؓ ہیں آپ کے نانا حُسینؓ پاک ہیں

یہ سلسلہ حق ہے بجا قادر محی الدین کا

کیا پنجتن کی ذات ہے قرآن میں آیات ہے

تطہیر[۲] سے ہے رابطہ قادر محی الدین کا

آؤ عزیزو با خوشی جو مانگ لو پاؤ سبھی

ہم کو وسیلہ مِل گیا قادر محی الدین کا

یا رب بحق مصطفےٰؐ ہے یہ فقیرِ بے نوا

کر عشق اس کو تُو عطا قادر محی الدین کا

---

(۱) اندھا۔ (۲) آیتِ تطہیر، سورہ الاحزاب آیت ۳۳۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت غوثِ اعظمؓ
(۳)

غوثِ اعظمؓ کی جو صورت کا مصوّر ٹھہرا
سچ اگر پوچھو تو خالق کا وہ دلبر ٹھیرا

کیا بتائے گا کوئی رُتبۂ اعلیٰ اُن کا
سب ولیّوں کا محبؓ اور وہی افسر ٹھیرا

ان کے نانا ہیں نبیؐ اور علیؓ ہیں دادا
فاطمہؓ ، حیدرؓ و حسنینؓ کا دلبر ٹھیرا

اُن سے جس کو ہو حسد اُس کا ٹھکانا ہو کہاں
اِن کا دشمن جو ہے وہ دشمنِ داور ٹھیرا

اِن کی چاہت میں عبادت کا مزہ آتا ہے
اِن کی چاہت نہ ہو جس کو تو وہ ابتر ٹھیرا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri Collection Pelo Sahib Hyderabad India

ذاتِ قادر میں فنا ہوگئے عبدِ قادر
عبدیت اُٹھ گئی یاں جلوۂ قادر ٹھیرا

ان کا دیدار ہے دیدارِ نبیؐ حق جانو
یہی دیدار الٰہی کا تو مظہر ٹھیرا

بخشوادے گا ہزاروں کو قیامت کے دن
کوئی دنیا میں اگر ان کا سگِ در ٹھیرا

لاکھ عصیاں ہوں فقیرؔ اِس کی تجھے کیا پروا
جب شہنشاہ ترا شافعِ محشر ٹھہرا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Moin Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت پیر پیراںؓ
(۴)

خاندانِ غوثؓ پر کیوں کر نہ ہوں دل سے فِدا
ہیں یہ آلِ احمدِ مرسلؐ وہ محبوبِ خدا

سب ولی اللہ میں ممتاز ہیں حق کے قریں
واہ رے کیا شان ہے تیری میاں سب سے جدا

غوثیتؓ کا مرتبہ بیشک ختم اِن پر ہُوا
غوث اعظمؓ کی خطابت سے کیا حق نے نِدا

عاشق و معشوق کے دونوں ملے اِن کو لقب
کیا خدا کو بھا گئی تھی غوثِ اعظمؓ کی ادا

سینکڑوں پائے ولایت اور پاتے جائیں گے
فیض کا چشمہ قیامت تک رہے جاری سدا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

سُرخرو رکھنا قیامت میں خدا کے سامنے

از برائے مرتضیٰؓ و مصطفیٰؐ شاہِ ہُدیٰ

کب تلک یوں ہی رہیں ہم راہ سے بھٹکے ہوئے

راہ پر ہم کو لگادو جلد اے پیرِ ہُدیٰ

آرزو اتنی ہے بس جاری رہے وقتِ اخیر

نامِ حق، نامِ محمدؐ ، نامِ محبوبِ خدا

کون سا دل ہے میاں جس میں نہیں چاہت تری

آرزو مند ہیں ترے دیدار کے شاہ و گدا

میری فرقت کا سُنا قِصّہ خدا کے واسطے

تیرا محبوبِ خدا تک گر گزر ہو قاصدا

کیا صفت ہے خاص اس ذاتِ مقدس میں فقیرؔ

ساری مخلوقِ خدا ہے نام پر جس کے فِدا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadari Digitization eGangotri

منقبت سرکار بغدادؒ
(۵)

دوجہاں میں نام ہے بغداد کے سرکار کا
حلِّ مشکل کام ہے بغداد کے سرکار کا

دی مئے وحدت جسے پیتے ہیں اہل دل مدام
قلب بھی اک جام ہے بغداد کے سرکار کا

مُردے زندہ ہوں، ولی ہوں چور، بیضے[1] مُرغ ہوں
یہ بھی ادنیٰ کام ہے بغداد کے سرکار کا

کیا غریب و شاہ کیا عاصی و کیا قطب و ولی
سب پہ فیضِ عام ہے بغداد کے سرکار کا

بِیْ یَبْصُرُ بِیْ یَنْطِقُ سے مل گیا اصلی پتہ
یک برائے نام ہے بغداد کے سرکار کا

(۱) انڈے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

طائرِ دل پھنس گیا جب لڑ گئی اُن سے نظر
دیدہ حلقہ دام ہے بغداد کے سرکار کا

سب ولی اللہ قبُولے پائے اقدس باخوشی
واہ کیا اِکرام ہے بغداد کے سرکار کا

نام لب پر آنکھ میں نقشہ ہے دل میں شوق ہے
ذکرِ صبح و شام ہے بغداد کے سرکار کا

آئے در پر آپ کے ہرگز نہ خالی جائے وہ
کیا ہی لطفِ عام ہے بغداد کے سرکار کا

نزع میں اور قبر میں اور حشر میں ہرجا فقیر
کیا ہی انتظام ہے بغداد کے سرکار کا

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pir Mohammed Quadri Digitization eGangotri

منقبت ہیکل صمدانیؓ
(۶)

جلدی بلالو بغداد میں تم کہتا ہوں ہر دم یا غوثؓ یا غوثؓ
فریاد سُن لو میری ذرا تم روتا ہوں ہر دم یا غوث یا غوثؓ
دونوں جہاں میں میرا وسیلہ تم بن نہیں ہے، اے میرے مولا
جاؤں میں کسی کے پھر در پہ آقا کیجیے ترحّم یا غوث یا غوثؓ
تم کو خدا نے دی ہے یہ قدرت چاہے کرو تم جس کی شفاعت
عاصی ہوں مُضطر آیا ہوں در پر دیکھو ذرا تم یا غوث یا غوثؓ
مشکل کشائی ہوتی ہے تم سے حاجت روا ہو ہر خادموں کے
مجھکو بچاؤ ہر اک بلا سے میں بھی ہوں خادم یاغوث یا غوثؓ
محشر کا کھٹکا پرسش کا دھڑکا اعمالِ بد سے دِل میرا کالا
رہتا ہے مجھکو ہروقت دل میں خوفِ جہنم یاغوث یاغوثؓ
میری دُعا ہے یا پیر تم سے صحیح کرو سختیٔ سکرات آساں کیجیے
قبر میں آکر اپنے کرم سے دُور کرو غم یا غوث یا غوثؓ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

سب اولیاء میں کیا افسری ہے ہر اک ولی نے اپنی خوشی سے

گردن جھکا کر سب نے لیا ہے پائے مکرّم یا غوث یا غوثؓ

بارِ گنہ سے اب دل ہمارا گھبرا رہا ہے یا شاہِ والا

یہ حال اپنا افسوس کس سے کہیں ہم یا غوث یا غوثؓ

ہم خادموں کو محشر میں کیا غم حامی ہمارے ہیں غوث اعظمؓ

دامن پکڑ کر بولیں گے سب ہم بخشاؤ اِس دم یا غوث یا غوثؓ

نام کے مومن ایمان کے کچے ہوتے نہیں کچھ کام بھی اچھے

ہے یہ بھروسہ پیر ہیں سچے رکھ لو شرم تم یا غوث یا غوثؓ

سائل فقیرؔ اب در پر ہے آیا اپنے کرم سے اے شاہِ ولا

عشق سے اپنے بھر دیجئے کاسہ پلٹا و مت تم یا غوث یا غوثؓ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت پیرانِ پیرؓ
(۷)

جان و دل تم پہ فِدا پیرانِ پیرؓ
تم ہو محبوبِ خدا پیرانِ پیرؓ

آپ کا در ہے درِ فیضانِ حق
معدنِ فیض عطا پیرانِ پیرؓ

آپ کی کیا میں کہوں وصف و ثنا
آپ معشوقِ خدا پیرانِ پیرؓ

سب ولی اللہ میں یکتا ہو تم!
سَرورِ کُل اولیاء پیرانِ پیرؓ

بانجھ کو بیٹے دیئے تم نے حضور
کیا تمہاری ہے عطا پیرانِ پیرؓ

مُردے زندہ ہوگئے اک آن میں
جس پہ کی تم نے نگہ پیرانِ پیرؓ

کیا عجائب ہیں کرشمے آپ کے
بے حد و بے انتہاء پیرانِ پیرؓ

آیا جس نے آپ کے دربار میں
مقصدیں وہ پاگیا پیرانِ پیرؓ

جس کو چاہو بخش دو یہ مرتبہ
آپ کو حق نے دِیا پیرانِ پیرؓ

حشر تک ہوتا رہے گا سب کے ساتھ
فیض جاری آپ کا پیرانِ پیرؓ

ہوگیا وہ دو جہاں میں رو سیاہ
بُغض جو تم سے رکھا پیرانِ پیرؓ

وہ خدا کے دوستوں میں ہوگیا
عشق جو تم سے رکھا پیرانِ پیرؓ

دو جہاں میں خادموں کے سر پہ بس
ہے وسیلہ آپ کا پیرانِ پیرؓ

ہم غلاماں آپ کے کہلا کے بس
کِس کے در جائیں بھلا پیرانِ پیرؓ

کیجے مقصد میں ہم کو کامیاب
از طفیل مصطفےٰؐ پیرانِ پیرؓ

اس فقیرِ خستہ دل کی حاجتیں!
جلد حاصل کردو یا پیرانِ پیرؓ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

منقبت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ

(۸)

خدا کے خاص عاشق اور مظہر ہیں جنابِ پیرؒ
رسولُ اللّٰہ کے پیارے و دلبر ہیں جنابِ پیرؒ

کوئی ان کا نہیں ہمسر ولیّوں میں وہ یکتا ہیں
ولیّوں کے وہ آقا اور رہبر ہیں جنابِ پیرؒ

تَقَرُّب ہے خدا کا خاص اُن کو بے حجابانہ
محیطِ بحرِ وحدت کے شناور(۱) ہیں جنابِ پیرؒ

خدا بخشا ہے سرداری عطا کی عظمت و قدرت
قیامت تک تصرف کرتے سب پر ہیں جنابِ پیرؒ

لڑکپن میں بفضلِ حق صداقت کی کرامت سے
کرادی چوروں کو توبہ وہ رہبر ہیں جنابِ پیرؒ

محی الدین لقب ہے عبدِ قادر نام ہے اُن کا
ہر اک کے دِل میں، سینہ میں ہیں، لب پر ہیں جناب پیرؒ

(۱) پیراک (تیراک)، تیرنے میں ماہر۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

جو اُن کے سلسلہ میں ہوگیا داخل تو کیا ڈر ہے

مُریدوں کے شفیعِ روزِ محشر ہیں جنابِ پیرؒ

فنا ہوکر بقا ہیں ذات میں وہ حق تعالیٰ کی!

مقامِ صدق میں وہ خاص جلوہ گر ہیں جنابِ پیرؒ

شبِ معراج زیرِ عرش حاضر ہوکے قدرت سے

قدم جد کا اُٹھائے دوش پر ہیں جنابِ پیرؒ

ہزاروں ہیں کراماتیں کئے مردوں کو وہ زندہ!

کراماتوں کے مخزن اور مصدر ہیں جنابِ پیرؒ

نہیں ہے عاشقوں کو غوث کے محشر کا کچھ کھٹکا!

کہے خود طالعُونَ لِی سرِ منبر ہیں جنابِ پیرؒ

فقیرؔ اب خوف کیا ہے قبر کا اور حشر کا تجھ کو

ترے حامی ترے آقا ترے رہبر ہیں جنابِ پیر

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت قندیل نورانیؒ
(۹)

پاس قدموں کے مجھے جلدی بُلاؤ غوث پاکؒ
چاند سی صورت ذری اپنی دِکھاؤ غوثِ پاکؒ

منتظر ہوں ایک مدت سے تڑپتا ہوں بہت
از برائے مصطفیٰؐ تشریف لاؤ غوثِ پاکؒ

دِل مرا ریگِ(۱) گنہ سے ہوگیا اب تو سیَہ
اک نظر سے آئینہ اُس کو بناؤ غوثِ پاکؒ

حق کے تم معشوق ہو عاشق تمہارا حق ہُوا
وہ طریقہ عشق کا مجھ کو سکھاؤ غوثِ پاکؒ

جو تمہارے در پہ آیا ہو گیا وہ با مُراد
میرے مقصد بھی تو اب حق سے دلاؤ غوثِ پاکؒ

تِشنہ ہوں اور منتظر ہوں آپ کے دیدار کا
شربتِ دیدار اب مجھ کو پلاؤ غوثِ پاکؒ

رات دن ہے دُھن یہی پہونچوں گا کب بغداد کو
نظرِ رحمت سے مجھے جلدی بلاؤ غوثِ پاکؒ

دامنِ اُمید پھیلایا ہے یہ دَر پر فقیرؔ
اپنے در سے اِس کو خالی مت پھراؤ غوثِ پاکؒ

---

(۱) ریگ ' ریت ' ریتی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudari Digitization eGangotri

منقبت سید المشائخ الکاملین رضؓ
(۱۰)

نہیں خاموش بیٹھے ہیں کِسی کی یاد کرتے ہیں
دِل ویراں نگر کو عشق سے آباد کرتے ہیں

نہ چھیڑ ہم کو ارے زاہد نہ لا تو غیر کا جھگڑا
ہماری ہستی کو ہم رات دن برباد کرتے ہیں

بنَا اِثبات کی جھاڑو صفاکر دل کے حُجرہ کو
بٹھاکر یار کو دل میں مبارکباد کرتے ہیں

پھنسا کر عشق کے پھندے میں ہم سے پھر یہ کہتے ہیں
اُٹھا کر غیر کا پردہ تمہیں آزاد کرتے ہیں

ہٹاکر غیر کو دل سے بٹھاکر یار کو اُس میں
ہمارے دل کو ہم بھی اس طرح آباد کرتے ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

نظر آتا ہے کثرت میں تماشا ہم کو وحدت کا

.... کا صاد کرتے ہیں

اُٹھا جب غیر کا پردہ تو بے خود ہوگئے اتنے

خدا کی یاد کرتے ہیں نہ اپنی یاد کرتے ہیں

ہمارے دلنشیں سے ہو رہی ہے رات دن ہم کو

وہ اپنی ہمکلامی سے ہمیں دل شاد کرتے ہیں

تُو اپنے کو فنا کو کردے مٹادے اپنی ہستی کو

ہمارے پیر و مُرشِد تو یہی ارشاد کرتے ہیں

نہ ہم کو شیخ سے جھگڑا نہ ہم کو بَرہَمَن سے کام

ہمارے مذہب و مِلّت کو ہم ایجاد کرتے ہیں

تو ثابت رکھ قدم اپنا فقیرؔ عشق و محبت میں

جناب غوث اعظمؓ خود تری امداد کرتے ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pelo Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

منقبت سلطان اولیاء العالمین رضؓ

(۱۱)

وَلیّوں کے آقا مرے پیر ہیں — وہ نوری سراپا مرے پیر ہیں

مرے سر پہ سایہ مرے پیر ہیں — مری پونجی مایہ مرے پیر ہیں

نہیں میرے اعمال کوئی بھی اچھے — ہے مجھ کو بھروسہ مرے پیر ہیں

نہیں جن کی آنکھیں وہ دیکھیں گے کیا — کہ کس شان کے کیا مرے پیر ہیں

خدائی ہے جن پہ فدا رات دن — وہ ایسے ہی ذی جاہ مرے پیر ہیں

تُو عاشق ہے اُن کا وہ عاشق ہیں تیرے — وہی تو خدایا مرے پیر ہیں

مرا پار ہوجائے بیڑا اُنھیں سے — مرے ماویٰ ملجا مرے پیر ہیں

نبیؐ کے نواسے علیؓ کے ہیں پوتے — وہ عاشقِ مولا مرے پیر ہیں

قبر میں حشر میں وہ ہوتے ہیں حامی — اجی واہ واہ کیا مرے پیر ہیں

نہیں خوف مجھ کو ہے دونوں جہاں میں — مرے سر پہ سایہ مرے پیر ہیں

ہوئے ہیں جہاں میں تو لاکھوں سے پیراں — وہ لاکھوں میں یکتا مرے پیر ہیں

خدا کی قسم کھا مریدوں کی خاطر — لی بخشش کا ذِمّہ مرے پیر ہیں

نہیں خوف محشر کا تجھ کو فقیرؔ اب
تو کہتا چلا جا مرے پیر ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

ریختی

منقبت غوث الاغواث

(۱۲)

لاج رکھو جی غوث پیا تمہاری میں گہائی ہوں
آس نہ توڑو میری تم تمہارے در پہ آئی ہوں

ہوئے نہ اچھے کوئی کام شرمندہ ہوں میں صبح و شام
عمر میں اپنی اب تمام غفلت میں ہی گنوائی ہوں

بلوالو اپنے پاس تم توڑو نہ میری آس تم!
دکھلاؤ صورت چاند سی مدت سے دید لگائی ہوں

دیکھو جگر میں درد ہے آہ لبوں پہ سرد ہے
فرقت میں چہرہ زرد ہے، حالت یہ بنائی ہوں

نام تمہارا سن کے بس دید کی دل میں ہے تڑپ
جان و جگر کو آپ پر قربان کرنے آئی ہوں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection Peer Sahib Qadri. Digitization eGangotri

ہاتھ میں تورے ہاتھ دی لاج رکھو تم ہاتھ کی
رُسوا کرو نہ حشر میں تمہاری ہی گہائی ہوں

پوچھے حشر میں گر خدا پونجی ہے تیرے پاس کیا
دامن پکڑ کے آپ کا کہدوں گی اِن کو لائی ہوں

نزع میں آپ ہی آیئے صورت تو وہ دکھلایئے
شیطاں کے مکّر سے حضور بہت ہی گھبرائی ہوں

کہا ہے طالعوں کیا بُروں کا میں ہی ہوؤنگا
اِسی بھروسہ آپ کے در پہ آقا آئی ہوں

صدقہ تمہارے حُسن کا پورا ہو دِل کا مدّعا
فقیر بن کے آئی ہوں دامن کو پھیلائی ہوں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت غوثِ صمدانی رضؓ
(۱۴)

صبا بغداد کے والی سے کہنا میں پریشاں ہُوں
نگاہِ لُطف سے دیکھو شہا ہر دم ہراساں ہُوں

تمہارا جب کرم ہوئے تو میرا پار ہے بیڑا
میں سر تا پا گناہوں میں غریق بحر عصیاں ہُوں

تمہاری کیا صفت مجھ سے ادا ہو اے شہ جیلاں
مری جتنی حقیقت ہے میں اُتنا ہی ثنا خواں ہُوں

لحد میں مجھ سے پوچھینگے تو کہدوں گا یہی ان کو
نہ چھیڑو اے نکیرو میں غلامِ شاہِ جیلاں ہوں

مرے درد جگر کو کیوں نہیں ہوتی شفا جلدی
تم ہی نے کہدیا ہے میں دوائے دردمنداں ہوں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Pemo Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

نہ ترساؤ نہ ترساؤ بُلالو تم حضوری میں!
دکھادو چہرۂ انور ابھی کچھ دم کا مہماں ہوں

مجھے اُمید ہے محشر میں بخشے گا مرا مولا!
ہُوں عاصی پر غلامِ خاندانِ غوثِ صمداں ہوں

مُحِبّو دیکھ لو کیا مرتبہ ہے غوثِ اعظمؓ کا
خدا کہتا ہے خود میں عاشقِ محبوبِ سبحاں ہوں

پھرا ہرگز نہیں خالی تمہارے در سے اے آقا
تمہارے در پہ آکر میں بھلا کیونکر ہراساں ہوں

کرامت سینکڑوں تم سے ہوئے ہیں رات دن ظاہر
مجھے بھی اِک کرشمہ ہو عطا حالِ پریشاں ہوں

کِسی صورت مری حاجت دِلا دو حق تعالیٰ سے
تمہارے سے اجی آقا یہی دن رات خواہاں ہوں

نہ چھوڑیگا فقیر ہرگز اگر تم لاکھ چھوڑو گے
قیامت میں بھی اے حضرت تمہارے زیر داماں ہوں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

منقبت شاہِ جیلانی رض

(۱۴)

غوث اعظم رض سے دل کو لگائی ہُوں ۔ دل میں آنکھوں میں اُن کو بٹھائی ہوں
غوثِ اعظم رض کے در پر میں ہو کر فدا ۔ اُن کے دفتر میں نام لِکھائی ہوں
غوثِ اعظم رض سے رو رو کے آہا سکھی (۱) ۔ میرے سُکھ دکھ کا دُکھڑا سُنائی ہوں
میرے جرم وخطا کی وہ میلی چدر (۲) ۔ اُن کے آبِ کرم سے دُھلائی ہوں
دیکھو دل کی جلی ہوں نہ چھیڑو مجھے ۔ میں تو غمخوار دل کی دُکھائی ہوں
دیکھو بگڑی ہوئی ہوں سنبھالو مجھے ۔ میں تو اُمید رکھ کر کے آئی ہوں
سچ تو بتلاؤ جاؤں کہاں کِس طرف ۔ میں تو تُمرے (۳) ہی در کی کہائی ہوں
مجھے بے کس سمجھ کر ستانا نہیں ۔ تُمرے خاطر سے یہ جوگ (۴) اٹھائی ہوں
تُمرے تیر نظر سے میں گھائل ہوئی ۔ تُمری الفت میں خون بہائی ہوں
تجھ کو ڈھونڈی پھری کین (۵) پتہ نہ مِلا ۔ خود کو کھوئی تو جب تُم کو پائی ہوں
جلوہ فرماؤ دِکھلاؤ صورت مجھے ۔ تُمرے ہی باٹ (۶) پر دید لگائی ہوں
دونوں عالم میں رکھائے خدا سُرخرو ۔ تیرے محبوب کی ہی کہائی ہوں
دل میں رہتے ہیں شام وسحر وہ فقیر ۔ اُن کے رہنے کا گھر یہ بنائی ہوں

---

(۱) سہیلی۔ (۲) چادر۔ (۳) تُمہارے۔
(۴) جوڑ ' مِلنا ' پیوستہ ہونا۔ (۵) کہیں۔ (۶) راستہ ' طریقہ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت سلطان الاولیاءؒ

(۱۵)

یا پیر جس کے دِل میں تمہارا گزر نہیں
سچ ہے کہ اُس کو اُلفت خیر البشر نہیں

جس کو کہ عشق ہو گیا غوث الوریٰ کے ساتھ
نارِ سقر کا خوف نہیں اُس کو ڈر نہیں

صورت میں غوث پاک کی صورت خدا کی ہے
پہچانے خاک کیا اُنہیں، جس کو نظر نہیں

پھرتا ہے کُو بکُو (۱) تُو خدا کی تلاش میں
خود میں خدا ہے چھپ کے تجھے کچھ خبر نہیں

افسوس انتظاری میں گزری بہارِ عمر
آہوں کا میرے ہائے کچھ ہوتا اثر نہیں

صدمہ ہے دل پہ رنج اُسی کا ہے رات دن
بغداد کا ہُوا ابھی اب تک سفر نہیں

دلبر ہو مرتضیٰؓ کے جگر بندِ فاطمہؓ!
اللہ کے ولیوں میں ایسا بشر نہیں

فانی ہُوا جو عشق میں پیرانِ پیرؓ کے
کوئی طرح کا حشر میں اُس کو خطر نہیں

حاصل ہُوا کیا نہ شیخ سے جو مَن عَرَف کا راز
یہ وہ درختِ خار ہے جس کو ثمر نہیں

آؤ درِ حضور پہ مت جاؤ در بدر!
اِس در کو چھوڑ دو تو کوئی اور در نہیں

شیدا ہے خود خُدا و خدائی بھی ہے فِدا
ہے کون سی جگہ جہاں تیرا ذکر نہیں

آنکھوں میں آؤ دل میں سماؤ حضور تم!
آپ ہی کے گھر ہیں اور کسی کے یہ گھر نہیں

تم خادموں کی لاج رکھو سلسلے میں ہیں!!
ہم کو تمہارے در کے سوا اور در نہیں

عزت رکھو فقیرؔ کی تم از برائے حق
اعمال میرے خیر تو خیر البشر نہیں

(۱) جابجا، گلی گلی، نگر نگر۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Qadari Digitization eGangotri

منقبت حضور محی الدین رضی اللہ عنہ
(۱۶)

جنابِ پیر کے دربار میں جو آتے ہیں! وہ نیکیوں سے ہی دامن کو بھر لے جاتے ہیں
جسے ہو حضرت پیرانِ پیر سے اُلفت یقین ہے وہ خدا کے مُحِبّ کہاتے ہیں
دیا ہے اُن کو خدا نے وہ مرتبہ اعلیٰ ہزاروں مُردوں کو اک آن میں جلاتے ہیں
رہیگا عاشق و شیدا جو اُن کی صورت کا! نزع میں آتے ہیں ہمراہ خود لیجاتے ہیں
پکارے جوشِ محبت سے قبر میں اُن کو لحد میں آکے نکیرین سے چھڑاتے ہیں
قبولے اُن کی غلامی کو اولیا دل سے اِسی لئے یہ شہِ اولیاء کہاتے ہیں
عزیز وان کی محبت جو دل میں رکھتے ہیں بروزِ حشر وہ رحمت میں حق کی آتے ہیں
وفورِ شوق میں آنسو مِرے نکلتے ہیں! اُمید کہتی ہے تھم جا ابھی بُلاتے ہیں

بُلا لو ہند سے اب تو فقیرؔ کو شاہا
یہ رنج وغم مجھے ہر دَم یہاں ستاتے ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت قطب جنّ و انس

(۱۷)

کیا ادا ہم سے ہو مِدحت پیرؒ کی
خود خدا کو ہے محبت پیرؒ کی

واصِل حق ہوگیا وہ بالیقیں
جو رکھا آنکھوں میں صورت پیرؒ کی

چور آیا ہوگیا ابدال وہ
واہ رے کیا تھی سخاوت پیرؒ کی

مُردے زندہ ہوگئے اک آن میں
شانِ رب ہے خاص قدرت پیرؒ کی

جو پُکارا وقتِ مشکل آپؒ کو
ہوتی ہے امداد اُس وقت پیرؒ کی

مُنہ جو پھیرا پیر سے مَردُود ہے
ہے برستی اُس پہ لعنت پیرؒ کی

اُبلے انڈوں سے ہوئے بچّے نمود(۱)
جب پڑی نظرِ کرامت پیرؒ کی

---

(۱) نمودار ہونا ، نِکلنا۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

جلوۂ رازِ حقیقت ہے نہاں
کیا کہوں کس کی ہے صورت پیرؒ کی

دوجہاں میں ہوگیا وہ سُرخرو
جو کِیا تعظیم و عزت پیرؒ کی

کیوں نہ ہو دونوں جہاں اُن پر فِدا
مرحبا ایسی ہے عظمت پیرؒ کی

دل ہوا روشن اُسی کا بالیقیں!
جس کی قسمت میں ہے نعمت پیرؒ کی

دوجہاں میں اس کو کچھ خطرہ نہیں
جس نے کی ہے دل سے خدمت پیرؒ کی

وہ فَنا فی اللہ ہے بیشک لا کلام
جس کو حاصل ہو محبّت پیرؒ کی

لَا تَخَفُ اللّٰہُ رَبِّی(۱) سُن کر بس
خادموں کو ہے یہ ہمّت پیرؒ کی

صِبْغَةَ اللّٰہ(۲) ہوگیا وہ ہی فقیرؔ
آگئی ہو جس میں رنگت پیرؒ کی

(۱) قصیدہ غوثیہ۔ (۲) سورۃ البقرہ آیت ۱۳۸۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت قطب ربانیؓ
(۱۸)

چراغِ فیضِ اِحسانی عبد القادِر جیلانیؓ
کردو مُشکل آسانی عبد القادِر جیلانیؓ

تمہاری ہے وہ ذات عالی، کریں صفت کیا ہم عاصی
تم ہو قُطبِ ربّانی عبد القادِر جیلانیؓ

سب ولیوں میں تم افسر، قدم تمہارا ہے سب پر
تُم ہو ایسے لاثانی عبد القادِر جیلانیؓ

تمہارا جو کوئی عاشق ہو، اُس کا نگہباں خالق ہو
خلیلِ حضرت سبحانی عبد القادِر جیلانیؓ

ذاتِ خدا میں فانی ہو، فانی ہوکر باقی ہو
کِلیدِ (۱) سِرِّ رحمانی عبد القادِر جیلانیؓ

(۱) کُنجی، رحمٰن کے رازوں کی کُنجی۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Quadri Digitization eGangotri

مجھ کو گنہ سے ہے خِجلت[۱] نظرِ رحم ہو یا حضرت
دُور کردو پریشانی عبد القادِر جیلانیؓ

نام تمہارا لیوے گر، آفت آئے جس کے سَر
مُشکل ہو گی آسانی عبد القادِر جیلانیؓ

نَزعُ[۲] کی حالت ہو آساں، وقتِ آخر ہو ایماں
دنیا سے ہوں جب فانی عبد القادِر جیلانیؓ

دِل سے ظُلمت ہوئے دُور، ہمارے دل میں بھردو نور
تم ہو نورِ حقانی عبد القادِر جیلانیؓ

حَشر کا اُس کو کیا ہے ڈر، جس کے حامی ہو سَرور
تُم ہو غوثِ صَمدانی عبد القادِر جیلانیؓ

کام بُرے سب ہوتے ہیں، تمہارے بھروسے جیتے ہیں
حَشر میں رکھو تم بانی[۳] عبد القادِر جیلانیؓ

---

(۱) شرمندگی۔ (۲) روح نکلنے کا مرحلہ۔ (۳) محشر میں ہم آپ کی نگرانی میں رہیں۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

نام تمہارا شام و سَحر ' ہم یہ پکاریں خوش ہوکر
عبدالقادر جیلانیؒ عبدالقادِر جیلانیؒ

دَر پر اپنے بُلواؤ ' قیدِ غم سے چھڑواؤ
شکل دِکھادو نُورانی عبدالقادِر جیلانیؒ

باعثِ عصیاں شاہا اب ' چھائی ہے مرے دل پر سب
بحرِ غم کی طغیانی عبدالقادِر جیلانیؒ

فقیرِ بیکس مضطر کا ' مقصد دِل کا ہو پورا
کیجے اس پر مہربانی عبدالقادِر جیلانیؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Peer Mohammed Sahib Hyderabad Digitization eGangotri

ریختی

منقبت غوث الالوریٰ رضی اللہ عنہ

(۱۹)

مَیں تو غوث الوریٰؓ کا پیالہ پی
مَیں تو شیطان کے چہرہ کو کالا کی

جب سے میں نے مرشد پائی دِل ہُوا ٹھنڈا   پاؤں گی اک دن دیکھو بہنا پیر کا جھنڈا
میری قسمت تو اللہ نے بالا کی

پیر کا اپنے آنکھ میں جب سے چہرہ بسائی ہوں   خود کو کھو کر خدا کو اپنے خود میں پائی ہُوں
میں تو اپنی خودی کا نِکالا کی

جب سے اُن کے گھر کو آ کر دل کو اپنے دی   مایہ پونجی جو کچھ تھی سو سب ہی اُنکو دی
میں تو اپنے کو اُن کے حوالا کی

پیر میرا سانچا ہے وہ مجھ کو کیا ہے ڈر   لاکھ طرح کی آفت آئی ہر دم میرے سَر
میرے مرشد نے ہر وقت ٹالا کی

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

میرا مرشد کیسا ہے سو کوئی کیا جانے　　جو کچھ ہے وہ جیسا کچھ ہے میرا دِل جانے
میں تو اُن ہی سے دل میں اُجالا کی

عشق فنا فی الشیخ کا کرلے دل کو کاشانہ　　یاد میں اُن کے ہر دم تُو تو بن جا دیوانہ
چھوڑ دنیا کی سب کچھ چالاکی

کِس کے در پہ جاؤں اپنا بولوں کس سے حال　　تم بن کوئی نہیں ہے میرا اے اللہ کے لال
مجھے امید ہے شاہِ والا کی

بارِ گنہ کی سر پر پوٹل لیکر آئی ہوں　　آپ کے دَر کی کہا کے آقا پھر کہاں کو جاؤں
آس توڑو نہ اِس آہ و نالا کی

دیکھو دیکھو مرشد کو تو ہر طرح پانا　　بے مرشد کے دنیا سے تُو ہرگز نا جانا
داد لاگے نہیں وہاں مولا کی

فقیر تو نے عُمر گنوائی غفلت میں رَہ کر　　خواہش رکھ کر جنت کی تو سوتا ہے شب بھر
جائے جنّت نہیں کچھ خالا کی

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India
Collection of Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت غوث زماںؓ

(۲۰)

دل و جاں سے ہوں میں ہر دم حضورِ غوثؓ کے صدقے
مجھے محشر کا کیا ہے غم حضور غوثؓ کے صدقے

خدا عاشق ہُوا اُنکا وہ معشوقِ خدا بے شک
یہ رُتبہ کیا ہے اُنکا کم حضور غوثؓ کے صدقے

شبِ معراج احمدؐ کو چڑھایا عرش اعظم پر
لے کھاندے پر قدم اُس دم حضور غوثؓ کے صدقے

نبیؐ کے اور علیؓ کے فاطمہ کے لعل ہیں بے شک
صفت اُن کی کریں کیا ہم حضورغوثؓ کے صدقے

حسنؓ دادا ہیں جن کے اور حسینؓ پاک نانا ہیں!
یہ شاخِ پنجتن پیُھَـــم حضور غوثؓ کے صدقے

نبیؐــــوں میں محمدؐ ہیں ولیوں میں محی الدینؓ!
فَخر کیوں کر کریں نہ ہم حضور غوثؓ کے صدقے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Qadri Digitization eGangotri

وہ تھے جب تک کہ دنیا میں مریدوں ہی کی بخشش کا
رہا اُن کا ہمیشہ غم حضورِ غوثؓ کے صدقے

زبرست پیر ہے اپنے کہے خود طالعون لی
نہیں محشر کا ہم کو غم حضورِ غوثؓ کے صدقے

مریدوں کے ہوئے ضامن قیامت میں کریں بخشش
کرو دل جان ہر دم تم حضورِ غوثؓ کے صدقے

لِواءُالحَمد ہے جن کو وہ ان کے جدِ اعلیٰ ہیں
رہیں گے زیرِ سایہ ہم حضورِ غوثؓ کے صدقے

فقیرؔ اپنے گناہوں سے نہ گھبرانا قیامت میں
کہ بخشے گا خدا اُس دم حضورِ غوثؓ کے صدقے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Hyderabad India Collection Peer Qadri Digitization eGangotri

منقبت قطب المشرقینؓ
(۲۱)

لاج رکھو بغداد کے سائیں آپ کے ہم کہلائے
اپنے کہے کو نبھاؤ تم بھی آس نہ ٹُٹنے پائے
جی آقا آپ کے ہم کہلائے۔
جی آقا آس نہ ٹُٹنے پائے۔

دَر سے تمہارے لاکھوں کو ہی ملتی ہے خیرات
ہم بھی آئے تمہارے دَر پر دامن کو پھیلائے
جی آقا دامن کو پھیلائے۔

عاشق رب ہو۔ سبط نبیؐ ہو۔ پیروں کے ہو پیر
سَر کو جھکائے سارے ولی یہ رتبہ تم نے پائے
جی آقا یہ رتبہ تم نے پائے۔

دی ہے خدا نے تُم کو قدرت مُردے کئے زندہ
چھین کے زنبیل ہاتھ سے تم نے روحوں کو چھُڑوائے
جی آقا روحوں کو چھُڑوائے۔

جس نے چاہا جو بھی مقصد حق سے وہ دِلوائے
ڈوبی کشتی بارہ برس کی تم ہی تو تروائے
جی آقا تم ہی تو تروائے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri

آیا در پر تمہارے کوئی پھرا نہ خالی وہ
چور بھی چوری کرنے قُطبیّت دلوائے | جی آقا قُطبیّت دِلوائے۔

کیسی تمہاری ہے یہ کرامت، کیسی تمہاری شان
اُبلے ہوئے تھے انڈے اُن سے بچّے باہر آئے | جی آقا بچّے باہر آئے۔

کہتے جو تُم ہوتا وہی تھا قدرت کا سامان
بیسوں بیٹیاں بیٹے بن گئے مُنہ سے جو فرمائے | جی آقا مُنہ سے جو فرمائے۔

ٹھوکر ماری قبر پہ تُم نے مُنہ سے کہے اُٹھ جا
مُردہ جب ہی قبر سے اٹھ کر گاتا بجاتا آئے | جی آقا گاتا بجاتا آئے۔

شیر پہ آئے زعم سے ملنے احمدؒ زندہ پیل (۱)
تمہارے در کا نحیف (۲) کُتّا شیر پہ غالب آئے | جی آقا شیر پہ غالب آئے۔

قدم تمہارے لینے سے جو منکر ہوئے صنعان (۳)
خنزیرا پنے کاندھے پر وہ لے کر ہی چروائے | جی آقا لیکر وہ چروائے۔

---

(۱) شیخ احمد زندہ پیلؒ جن کا مزار علاقہ تُربتِ جام ' ایران میں ہے۔
(۲) کمزور ' لاغر۔ (۳) حضرت شیخ صنعانؒ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Hyderabad Digitization eGangotri Collection PM Sahib Quadri India

عاجز بن گئے قسمت دیکھ کر عثمان ہارونیؒ
نازسے اڑ کر حق سے اپنے بیٹا تم دلوائے | جی آقا بیٹا تم دلوائے۔

فاسق و فاجر خادم تمہارا چیخ اُٹھا یا غوثؓ
قبر میں آکر منکیروں سے تم ہی تو چھُڑوائے | جی آقا تم ہی تو چھڑوائے۔

لیا ہے تم نے حق سے اپنے ستّر بار اقرار
مرید میرا دنیا سے تو بے توبہ نہ جائے | جی آقا بے توبہ نہ جائے۔

فقیرؔ اپنے کام نہیں ہیں ہیں بخشش کے لائق
ہے یہ بھروسہ پیر ہیں اچھے ہم کو آ بخشائے | جی آقا ہم کو آ بخشائے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Digitized by eGangotri Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

منقبت محی الدینؓ
(۲۲)

دیکھیں بغداد کے سرکار سے کیا ملتا ہے
دامنِ آرزو پھیلایا ہوں کیا ملتا ہے

آؤ تم دیکھ لو جو چاہو یہاں ملتا ہے
سچ تو یہ ہے کہ اسی گھر سے خدا ملتا ہے

جیتے جی جس نے کیا ان سے محبت پیدا
بعد مرنے کے اُسے خوب مزہ ملتا ہے

کیوں بھٹکتا ہے تو اپنے میں خدا کو رکھ کر
خود میں گم ہوجا ذرا خود میں خدا ملتا ہے

کیوں نہ مَیں تجھ سے کہوں دل کی یہ حالت میری
کون مجھ کو بھی بھلا تمرے سوا ملتا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

آرزو کچھ بھی نہیں تُو ہی مِلا کر مجھ سے
بس ترے ملنے سے یہ ہے کہ خدا مِلتا ہے

تجھ میں ہے صورتِ حق صورتِ حق میں تُو ہے
تجھ میں ہوجائے فنا اُس کو بقا مِلتا ہے

جو فنا تجھ میں ہُوا ہے وہ خدا میں فانی
یاں فنا میں بھی عجب رَمزِ بقا مِلتا ہے

کیوں بھٹکتا ہے دَرِ دَر اِسی دَر پر آجا
اِسی دَر سے ہی سبھی دَر کا پتا مِلتا ہے

سَر لگائے ہوئے بیٹھا ہوں درِ اقدس پر
دیکھوں دربار سے سرکار کے کیا مِلتا ہے

حشر میں عرض کرے گا یہی اللہ سے فقیر
خادمِ غوثؓ ہُوں کیا مجھ کو صِلہ ملتا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

منقبت سلطان محی الدینؒ
(۲۳)

بغداد کے رہنے والے بغداد کے رہنے والے

کیا رتبہ ہے تیرا بالا
تجھ پہ عاشق ہے ادنیٰ اعلیٰ
تُو محبوب ہے اللہ والا
بغداد کے رہنے والے

دم آگیا لب پر میرا
ہے لخلخہ ہر دَم تیرا
وہ روپ دِکھادے پیارا
بغداد کے رہنے والے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qudari Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

وہ علمِ لَدُنْ کے ماہر

کر اعجازِ مسیحا ظاہر

تم پیر ہو عبدالقادرؒ

بغداد کے رہنے والے

وحدت کا پلادے پیالہ

منہ ہوئے خودی کا کالا

اِس سے مَیں رہوں متوالا

بغداد کے رہنے والے

وہ عاشقِ مولا پیارے

ترے انداز ہیں کیا کیا نیارے

قربان ہیں تجھ پَر سارے

بغداد کے رہنے والے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohammed Qadri Digitization eGangotri

وہ کملی گھرانے والے

عاصی میں پڑے سب پالے

دامن میں ہم کو چھپالے

بغداد کے رہنے والے

جس وقت قبر میں جاؤں

وہ چہرہ مُنوّر دیکھوں

گر جاؤں قدم پہ بولوں

بغداد کے رہنے والے

کچھ حُسن کا صدقہ دیدے اس فقیر کی جھولی بھردے

تو خالی نہ در سے پھیر دے بغداد کے رہنے والے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India

منقبت محبوب رب
(۲۴)

ہم کو الفت ہے غوثی گھرانے سے
بخشے جائیں گے اِس ہی بہانے سے

نفس و شیطاں رہزن بن کر لوٹ لئے ہم کو
خالی ہاتھوں جائیں کیسا مالک کے گھر کو
شرم آتی ہے صورت دِکھانے سے

غوثؓ کا گھر تو فیض کا دَر ہے دَر سے لگا سَر کو
اُٹھا نہ سَر کو دَر سے اُن کے لاکھ کہیں سرکو(۱)
فیض پاتے ہیں سَر کو لگانے سے

تمرے دَر سے منہ کا پھرنا خدا سے پھرنا ہے
خدا سے پھرنا دوزخ میں تو جل کے مرنا ہے
حق تو مِلتا ہے تمرے گھرانے سے

(۱) ہٹو۔

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moheeb Quadri Digitization eGangotri

سُنتے ہیں کہ خدا تمہاری سُنتا ہے ہر بات
یہ بھی سُنے ہیں تم بھی سُنتے سب کے دل کی بات
ہم کو بخشالو کِس ہی بہانے سے

سُنتے ہیں کہ گرتوں کو تم تھامتے ہو یا پیر
اِسی لئے ہے نام تمہارا پیرِ دستگیر
ہم کو لگوادو حضرت ٹھکانے سے

نانا تمہارے سَرورِ عالمؐ نبیوں کے سالار
خدا بنایا تم کو بھی تو ولیوں کے سردار
ہم کو عزت ہے تُمرے گھرانے سے

اچّھوں کو تم چاہیں گر تو بُرے کہاں کو جائیں
دیکھو دیکھو ہم تو ہرگز خراب نہ ہونے پائیں
ہم تو بیٹھے ہیں دَر پَر زمانے سے

بد نیّت سے ' پائے مقصد چور ہوئے ابدال
خوش نیّت سے آئے ہم تو دیکھو ہمارا حال
رُکتے کیوں ہو جی مقصد دِلانے سے

لاکھوں آکر فیض پاکر گئے خوشی کے ساتھ
ہے یہ بھروسہ فقیرؔ اب بھی خالی نہ جائے ہاتھ
ہاتھ روکو نہ داتا دِلانے سے

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

مطبوعاتِ دار الھدیٰ

حضرت فخر اولیاءؒ۔ حضرت فخر اولیاء سید شاہ عبدالرزاق قادری لا ابالی فقیر قدس اللہ سرہٗ

حضرت ہادیٔ دکن۔ حضرت ہادیٔ دکن سید شاہ محی الدین قادری ہادی لا ابالی الجیلانی قدس اللہ سرہٗ

مرتب۔ ڈاکٹر سید عبدالمھیمن قادری لا ابالی الجیلانی سجّاد عفی عنه

نشان سلسلہ	نام کتاب	مصنف رمولف	سنہ اشاعت ہجری	سنہ اشاعت عیسوی	کیفیت
۱	راہ جنت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۵	ڈسمبر 1945	طبع اول
۲	گلشن نعت	حضرت فخر الاولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۶۷	نومبر 1947	طبع اول
۳	روز مرہ کی دعائیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۳۸۳	جنوری 1964	
۴	تعمیر نو	حضرت ہادیٔ دکنؒ	محرم الحرام ۱۳۸۵	مئی 1965	
۵	گلشن نعت	حضرت فخر اولیاءؒ	محرم الحرام ۱۳۸۸	اپریل 1968	طبع ثانی
۶	نماز کا صحیح طریقہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۳۹۳	مئی 1973	
۷	گیارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولی ۱۴۰۰	اپریل 1980	
۸	بارہ سورتیں	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۰	مئی 1980	
۹	شرح اللطائف السودیہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۰	مختارات الادب	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۰۳	مارچ 1983	
۱۱	مواعظ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۰۹	ڈسمبر 1988	
۱۲	صوتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۱۰	ڈسمبر 1989	
۱۳	مختصر حالات اولیائے حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1980	
۱۴	مختصر احوال علماء و اولیاء حیدرآباد	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۱۰	اپریل 1990	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Quadri Digitization eGangotri

۱۵	مختصر تاریخِ ادبِ عربی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۲	نومبر 1991	
۱۶	تذکرہ اجدادِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۳	نومبر 1992	
۱۷	گلدستۂ نعت و منقبت	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذی الحجہ ۱۴۱۳	جون 1993	گلدستہ
۱۸	صوفی صفات صحابہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۴	ڈسمبر 1994	
۱۹	تربیتی واصلاحی دروس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۵	ڈسمبر 1994	
۲۰	نقشِ تابندہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الثانی ۱۴۱۶	نومبر 1995	
۲۱	مجلّہ قادریہ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷	ستمبر 1996	
۲۲	تحیاتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رجب المرجب ۱۴۱۷	ڈسمبر 1996	
۲۳	خیر البشر رسولؐ	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۸	ڈسمبر 1997	
۲۴	فواصلِ قرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۱۹	ڈسمبر 1998	
۲۵	حدیقۂ نادی الہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شعبان المعظم ۱۴۲۰	نومبر 1999	گلدستہ
۲۶	قرآنِ حکیم اور کمپیوٹر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ربیع المنور ۱۴۲۱	جون 2000	
۲۷	عطائے عطا	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۲	جولائی 2001	
۲۸	صد پارۂ دل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۲	ڈسمبر 2001	
۲۹	فاخر فقیر	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاول ۱۴۲۳	جولائی 2002	
۳۰	زکوٰۃ کے آسان مسائل	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۳	نومبر 2002	
۳۱	حلال وحرام	حضرت ہادیٔ دکنؒ	شوال المکرم ۱۴۲۴	ڈسمبر 2003	
۳۲	طیباتِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵	جون 2004	
۳۳	ہادی القرآن	حضرت ہادیٔ دکنؒ	ذوالحجہ ۱۴۲۵	فروری 2005	
۳۴	قرآن عزیز اور میڈیکل سائنس	حضرت ہادیٔ دکنؒ	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶	جون 2005	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Qadri Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Hyderabad India

۳۵	شاگردانِ ہادی	حضرت ہادیٔ دکنؒ	رمضان المبارک ۱۴۲۶	اکتوبر 2005	
۳۶	بزمِ قادریہ ۱۴۲۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۲۷	جون 2006	گلدستہ
۳۷	لفظ لفظ لؤلؤ	حماد پاشاہ و منقاد پاشاہ (مرتبین)	ربیع الثانی ۱۴۲۸	مئی 2007	
۳۸	گلدستہ محامد اولیاء ۱۴۲۸ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸	جون 2007	گلدستہ
۳۹	بزمِ قادریہ ۱۴۲۹ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹	مئی 2008	گلدستہ
۴۰	مناقبِ غوث الثقلینؓ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۰	اپریل 2009	
۴۱	مدحِ غریب نواز	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱	اپریل 2010	
۴۲	غمامِ رحمت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۲	اپریل 2011	مناقب سرکار لاابالیؒ
۴۳	شعر شعر شبنم	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۲	نومبر 2011	
۴۴	نگارشاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۵	سوغاتِ ہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۶	لطائفِ مہیمن	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳	اپریل 2012	
۴۷	گلستانِ محمدی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۸	گلدستہ قادریہ ۱۴۳۴ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴	مارچ 2013	گلدستہ
۴۹	خیابانِ قادریہ ۱۴۳۴+۱۴۳۴	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	مارچ 2014	گلدستہ
۵۰	جواہر قادریہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵	فروری 2014	گلدستہ
۵۱	چمنستانِ قادریت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶	فروری 2015	گلدستہ

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad India / Collection Peer Sahib Quadri Digitization eGangotri

۵۲	دُرہادی	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ربیع الثانی ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۳	گلدستہ قادریہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۴	گلدستہ قادریہ لاابالیہ ۱۳۳۷ھ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۷	فروری 2016	گلدستہ
۵۵	ارشادات قبول (فارسی)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	ذوالحجہ الحرام ۱۴۳۷	ستمبر 2016	
۵۶	عُرس	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸	جنوری 2017	گلدستہ
۵۷	غاسق	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاولیٰ ۱۴۳۹	جنوری 2018	گلدستہ
۵۸	باقۃ المہیمن (خود)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	۱۲/ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۰/نومبر 2019	
۵۹	خوارقِ عظمت الٰہی (فارسی)	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	۱۴/ربیع الاول ۱۴۴۰	۲۳/نومبر 2019	فارسی سے اردو
۶۰	صندل	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	گلدستہ
۶۱	راہ جنت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	طبع ثانی
۶۲	غیم غوث صمدانی قصیدہ غوثیہ کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۳	طرسِ رحمانی دعائے سُریانی کا منظوم ترجمہ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۴	یا جیلانیؒ مناقب غوث اعظمؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۵	مناقبِ قطب دوراںؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (محقق)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۲۲ھ
۶۶	تکبر اور اُس کے اسباب	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۰ھ
۶۷	گلشن نعت	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۶۷ھ
۶۸	کلیاتِ فقیرؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad / Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Digitization eGangotri

۶۹	نصرت اثر منظوم سراپا۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۰	شکر گزار منظوم سوانح۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۱	فخرِ گلستان منظوم کرامات۔ حضرت فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۲	تخیلات عرض داشت قمر	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۳	مُرتاض مناقب فخر اولیاءؒ	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مرتب)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	سنہ تحریر ۱۳۷۶ھ 1956
۷۴	طشت اذکار	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	
۷۵	باقة المهيمن عربی و اردو	ڈاکٹر سید عبدالمہیمن قادری لا ابالی (مولف)	جمادی الاول ۱۴۴۱	جنوری 2020	

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Moiz Sahib Quadri Digitization eGangotri
Collection Peer Salim Hyderabad India

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized By eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohsin Hyderabad Digitization eGangotri
Collection Peer Sahib Quadri

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri, Digitization eGangotri

Manaqib-e-Ghous-e-Paak

Ya Jeelani

Author
Hazrat Fakhre Aauliya
Syed Shah Abdul Razzaq Quadri Laoubali
Al-Maroof Patthar Wale Saheb (Rh)

Tahqeeq wo Takhreej, Tarteeb, Tadveen

Qitmeer-e-Ghous-e-Azam wa Lateef-e-Laoubali
Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri Laoubali Al-Jilani Sajjad
Sajjadah Nasheen Bargah Hazrat Patther Wale Saheb
Mustaidpura Karwan, Hyderabad (INDIA)

Zer-e-Ehtemaam

Mir Mukarram Ali Ashfaaq

Hazrat Haadi-E-Deccan Library & Research Institute, Hyderabad
Digitized by eGangotri